Press Release
For immediate Release
October 4, 2016

# ایس ای سی پی کا میوچل فنڈز میں ریٹیل شراکت پر زور

اسلام آباد: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے میوچل فنڈز ایسوسی ایشن آف پاکستان (موفاپ) پر زور دیا ہے کہ وہ اپنی توجہ میوچل فنڈز کی بڑھتی ہوئی ریٹیل پینی ٹریشن پر مرکوز کریں۔ موفاپ کے نمائندگان کے ساتھ ایک اجلاس میں ایس ای سی پی کے چیئرمین جناب ظفر حجازی صاحب نے کہا کہ میوچل فنڈ کی صنعت میں ریٹیل سرمایہ کاروں کی شراکت نسبتاً بہت چھوٹے حصّے پر مشتمل ہے اور کارپوریٹس اور دیگر ادارے کل آیسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کے تقریباً چھیاسٹھ فیصد اثاثوں کے حامل ہیں۔

انہوں نے کہا کہ بڑے شہروں سے باہر ناموزوں شاخوں کے نیٹ ورک اور مناسب دسٹری بیوشن نیٹورک کی کمی محدود آؤٹ ریچ کی ایک بڑی اہم وجہ ہے۔ وقت کی ضرورت یہ ہے کہ ہم صنعت کو لے کر آگے بڑھیں اور چھوٹے سرمایہ کاروں پر توجہ دیں۔ آیسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کو چاہیئے کہ وہ ملک کے بڑے شہروں میں اپنی آؤٹ ریچ کو بڑھانے کے لئے اپنی کوششوں میں اضافہ کریں۔

ایس ای سی پی کے چیئرمین نے کہا کہ ایس ای سی پی انفرادی آیسٹ مینجمنٹ کمپنیوں کی جانب سے ریٹیل آؤٹ ریچ کو بڑھانے کے لئے کی جانے والی کوششوں پر نظر رکھے گا اور صرف ان کمپنیوں کو سہولت فراہم کی جائے گی جو ریٹیل شراکت کو بڑھانے کی بھرپور کوشش کریں گی۔ میوچل فنڈز کی ریٹیل بیس کو مضبوط بنانے کی غرض سے ایس ای سی پی نے ان کمپنیوں سے کہا ہے کہ وہ صنعت کی ریٹیل بیس کو فروغ دینے کے لئے اپنے جامع منصوبے جمع کرائیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Shakil Ahmad Chaudhary
0302-8552254